قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

جون تا ستمبر 2024، ذوالحجہ 1445ھ تا ربیع الاول 1446ھ | شمارہ 26

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## حمد وثنا

اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، لَا حَمْدَ إِلَّا دُوْنَ نَعْمَائِكَ، وَلَكَ الشُّكْرُ، لَا شُكْرَ إِلَّا يَقْصُرُ عَنْ آلَائِكَ، لَكَ الْمَنُّ وَالإِفْضَالُ وَالْمُلْكُ رَبَّنَا، فَلَا شَيْءَ أَعْلٰى مِنْكَ وَأَمْجَدَ، مَلِيْكٌ عَلٰى عَرْشِ السَّمَآءِ مُهَيْمِنٌ، لِعِزَّتِهِ تَعْنُو الْوُجُوْهُ وَتَسْجُدُ.

اے اللہ! ہر طرح کی حمد تیرے ہی لئے ہے۔ (بندوں کی طرف سے کی گئی) ہر حمد تیری عنایات سے کم ہے۔ اور تیرے لیے ہی ہر طرح کا شکر ہے لیکن (بندوں کی طرف سے کیا گیا شکر) تیری نعمتوں سے کم ہے۔ تیرے لئے ہی احسان، فضل اور بادشاہی ہے، اے ہمارے رب! تیرے سوا کوئی چیز بلند تر اور عظمت والی نہیں ہے۔ تو آسمان کے عرش پر غالب اور حاکم ہے۔ تیری عظمت کے سامنے چہرے جھکے ہوئے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں۔

## بلند سوچ۔ ترقی کی بنیاد

انسان کے تمام اعمال کا انحصار اس کی سوچ پر ہوتا ہے۔ جب تک انسان کی سوچ درست نہ ہو، اس کا عمل درست ہو ہی نہیں سکتا۔ معاملہ خواہ دین کا ہو یا دنیا کا، بلند اور مثبت سوچ کے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ جب ایک انسان بڑے اور عظیم مقاصد کا تعین کرتا ہے، تو اس وقت سے ہی وہ ان کے حصول کے لیے سخت محنت اور جدوجہد کرتا ہے۔ ہمارا دین بھی ایک کامیاب اور بامقصد زندگی کے لیے انسان کو علم حاصل کرنے اور بلند سوچ رکھنے کی دعوت دیتا ہے۔

قران مجید میں رسول اللہ ﷺ کو ایک بڑی پیاری دعا سکھائی گئی:


"قل رب زدنی علما۔" ترجمہ: کہہ دیجیے اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما۔

یعنی ہمارے پاس جو علم ہے ہمیں صرف اس پر اکتفا نہیں کرنا چاہیے بلکہ اس معاملے میں ہمیں ہمیشہ محنت اور لگن سے آگے بڑھتے رہنا چاہیے، کیونکہ زندگی ایک ساکن یا ٹھہری ہوئی چیز نہیں ہے۔ جو شخص اپنے آپ کو اوپر نہیں اٹھاتا وہ لازماً نیچے گرتا ہے۔ لہٰذا بلند سوچ، خود احتسابی، سیکھنے کے جذبے، محنت اور مستقل مزاجی کے ساتھ آگے بڑھیے اور اپنے روزمرہ کے معاملات میں چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں لا کر اپنی زندگی کو پہلے سے زیادہ مؤثر اور کامیاب بنائیے۔

عربی کا ایک محاورہ ہے جس کے معنی ہیں: "مشقت آسانی کو کھینچ لاتی ہے"۔ اس لیے بے بسی، لاچارگی اور مجبوری کے رویوں کو اپنا کر زندگی ضائع مت کریں بلکہ ایک مثبت سوچ اور رویے کے ساتھ ہمیشہ یہ سوچیں کہ ہمارا آنے والا کل آج سے بہتر کیسے ہو سکتا ہے۔ اگر یہ نظریہ آپ کی سوچ کا حصہ نہیں تو دنیا اور آخرت میں کامیابی کا حصول مشکل ہے۔

پس بلند سوچ کو اپنا کر نہ صرف اپنے اندر بلکہ معاشرے میں بھی مثبت تبدیلیاں لانے کا باعث بنیں۔

ڈاکٹر فرحت ہاشمی



# ایڈیٹر نوٹ

معزز قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الھدیٰ نیوز لیٹر کا نیا شمارہ نئی خبروں کے ساتھ پیش کیا جارہا ہے۔اس شمارے میں ہم استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے وژن "قرآن ہر دل اور ہر ہاتھ" تک پہنچانے کے لئے ان کے ویسٹرن کینیڈا کے علمی دورے کی جھلکیاں بھی پیش کررہے ہیں۔ان کے اس علمی سفر میں مختلف مقامات پر الھدیٰ کی طالبات، مساجد اور اسلامک سینٹرز کی مقامی انتظامیہ نے استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ اور محترم سرادریس زبیر صاحب کے دروس اور میٹنگز کا اہتمام کیا۔اس دورہ کی تفصیلات آپ الھدیٰ کی ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ الھدیٰ کے زیر اہتمام شجر کاری مہم کا اہتمام کیا گیا جس میں سب برانچز نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور طالبات اور سٹاف نے مختلف جگہوں پر پودے اور درخت لگائے۔الھدیٰ خیبر پختون خواہ ریجن کے زیر اہتمام قیدیوں کو بھی شجر کاری مہم میں شامل کیا گیا۔اس کے علاوہ قیدی خواتین کے لئے بھی جیل میں قرآنی تعلیمات اور بہت سی مثبت سرگرمیوں کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

قرآن وحدیث کی تعلیم کے فروغ کے لئے الھدیٰ آن کیمپس کے علاوہ آن لائن اور ای لرننگ کورسز کے ذریعے زیادہ سے زیادہ سننے والوں تک قرآنی تعلیمات کو پہنچانے کے لئے مسلسل کوشاں ہے۔الحمدللہ استاذہ محترمہ کی رہنمائی میں ہر ریجن میں خواتین، بچوں اور مردوں کے لئے قرآن کلاسز کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے، جو ہم سب کے لئے خوش آئند بات ہے۔بنیادی تعلیم پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔فلاحی کاموں میں آپ سب کے تعاون سے ضرورت مند لوگوں کی فلاح و بہبود کے کاموں کا سلسلہ جاری ہے، جس کے لئے ہم آپ کے شکر گزار ہیں۔

طاہرہ خان

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

## سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر لیکچرز

الھدیٰ کے مختلف ریجنز میں ماہ ربیع الاول میں سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کی طرف سے الھدیٰ سٹاف کو سیرت النبی ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر لیکچر دینے کی دعوت دی گئی۔الھدیٰ کے سینئر سٹاف نے اس موقع پر بھرپور طریقے سے حصہ لیا اور سیرت طیبہ کی مثالوں سے بچوں اور طالبات کی راہنمائی کی۔



## تکمیل تجوید القرآن کورس ڈسٹرکٹ کورٹ راولپنڈی

الھدیٰ انٹرنیشنل ہر طبقہ فکر کے لوگوں میں قرآن کی تعلیمات کو پہچانے کے لیے سرگرم عمل ہے۔مصریال روڈ راولپنڈی کی برانچ انچارج عائشہ کنول صاحبہ نے ڈسٹرکٹ کورٹ راولپنڈی میں قرآن کلاس کا آغاز کیا تھا۔28 ستمبر 2024 کو علم التجوید کورس کی تکمیل پر ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں خواتین وکلاء کی بڑی تعداد شامل تھی ۔ پروگرام کے اختتام پر طالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے انعامات تقسیم کیے گئے۔



## کاروان علم ہے رواں دواں

استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ الھدیٰ کینیڈا انسٹیٹیوٹ سے مسلسل تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

- تدبر القرآن: جز 19 سورۃ الفرقان پڑھائی جارہی ہے۔
- فقہ القلوب: قوتہ الاخلاق۔"فقہ الحقیقۃ العبودیۃ" کا باب پڑھایا جارہا ہے۔
- اخلاق حملۃ القرآن: مکمل ہو چکا ہے۔
- اسلامی عقائد: مکمل ہو چکا ہے۔
- ریاض الصالحین: دوسری جلد سے باب "روزوں کے چند مسائل" پڑھایا جارہا ہے۔

ان تمام لیکچرز سے مستفید ہونے کے لیے آپ مندرجہ ذیل لنکس سے استفادہ کر سکتے ہیں:

https://linktre.ee/DrFarhatHashmi

## الھدیٰ کے انتظامی ڈھانچے کی تشکیل نو

الھدیٰ اپنے مشن کے فروغ کے لئے مسلسل اپنے شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لیتا ہے اور باہمی مشاورت سے اسے مزید بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کرتا ہے۔اسی سلسلے میں گزشتہ دنوں ہیڈ آفس کی زیر نگرانی استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی راہ نمائی میں الھدیٰ کے شعبہ جات کے تنظیمی ڈھانچے میں ردوبدل اور ریجنل سٹاف میٹنگز کا آغاز کیا گیا ان میٹنگز کی روشنی میں پالیسیز پر نظر ثانی اور سب ریجنز کے کام کے طریقہ کار کو بہتر بنانے کے لائحہ عمل کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

الھدیٰ ہیڈ آفس کے سینئر اسٹاف کی ذمہ داریوں میں ضرورت کے مطابق مندرجہ ذیل تبدیلیاں کی گئی ہیں:

- رفقہ اصغر صاحبہ: سینئر پالیسی ایڈوائزر
- زبیدہ عزیز صاحبہ: سی ای او
- آسیہ قمر صاحبہ: ڈائریکٹر انسٹی ٹیوٹ اکیڈمکس
- فیصل جاوید صاحب: ڈائریکٹر فنانس

## معزز مہمانوں کی الھدیٰ آمد

- گرین لین مسجد UK کے امام اور خطیب محترم ڈاکٹر احسن حنیف حفظہ اللہ الھدیٰ اسلام آباد تشریف لائے۔انہوں نے ایک ایمان افروز لیکچر دیا جس سے طلباء کی ایک بڑی تعداد مستفید ہوئی۔
- الھدیٰ کینیڈا کی مسجد کے محترم امام عبدالرحمٰن عتیق صاحب الھدیٰ اسلام آباد تشریف لائے، جمعہ کی نماز کا نہایت ایمان افروز خطبہ دیا اور نماز پڑھائی۔

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

## ٹریننگ ورکشاپس





### اسلام آباد ہیڈ آفس

شعبہ ایچ آر الھدیٰ اسلام آباد نے تمام شعبہ جات کی ذمہ داران اور سینیئر اسٹاف کے لیے تربیتی میٹنگز کا اہتمام کیا جس میں CEO زبیدہ عزیز صاحبہ نے کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے SOPs اور ماہانہ رپورٹ بنانے اور کمپیوٹر کے موثر استعمال کو سلائیڈز کے ذریعے نہایت آسان الفاظ میں وضاحت کی۔اس کے علاوہ ''Healthy life style'' کے عنوان کے تحت اسٹاف کے لیے اسپیشل سیشنز کا اہتمام کیا گیا۔

### نارتھ ریجن

نارتھ ریجنل آفس کے زیر اہتمام مختلف علاقوں سے آنے والے سٹاف کے لیے سعدیہ مفتی صاحبہ نے نہایت موثر تربیتی ورکشاپس کروائیں جن سے شرکا کی کثیر تعداد مستفید ہوئی۔

### لاہور ریجن

نواب ٹاؤن برانچ میں" پروفیشنلزم کی اخلاقیات" کے موضوع پر تربیتی ورکشاپس کا اہتمام کیا گیا س جن میں ریجنل آفس لاہور کے سٹاف کے ساتھ 23 برانچز کی انچارجز نے شرکت کی۔سعدیہ مفتی صاحبہ نے اہم موضوعات پر ایک بہت مؤثر پروگرام ترتیب دیا جو شرکا کے لیے بہت مفید ثابت ہوا۔

### کراچی ریجن

**"ہمارے بچے" سمر کورس ٹیچرز ٹریننگ**

"ہمارے بچے" کے تحت مختلف عمر کے بچوں کے لیے سمر پروگرامز کا اہتمام کیا گیا۔ پروگرامز سے پہلے ٹیچرز کو آن سائٹ اور آن لائن ٹریننگ دی گئی۔ ہر عمر کے حوالے سے سلیبس اور ڈے وائز پلانر بھی فراہم کیا گیا۔

**"ہمارے بچے" ٹرم کلاسز ٹیچرز ٹریننگ**

اگست میں" ہمارے بچے "ٹرم کلاسز (6 ماہ پر مبنی ہفتہ وار) میں پڑھانے والی ٹیچرز کی آن لائن اور آن سائٹ ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا۔


### حیدرآباد ریجن

حیدرآباد ریجنل آفس کے تحت "روشنی کی کرن" کورس انچارجز کے لیے دوروزہ تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا گیا،جس میں مختلف علاقوں سے سٹاف نے شرکت کی۔شرکاء کو اسباق کی منصوبہ بندی اور موثر تدریس کے طریقوں کی عملی تربیت دی گئی۔

## روحانی صحت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"خبردار! جسم میں ایک گوشت کا ٹکڑا ہے، جب وہ صحیح اور درست ہو جائے تو سارا جسم صحیح اور درست ہو جاتا ہے،اور جب وہ خراب اور فاسد ہو جائے تو سارا جسم بھی خراب اور فاسد ہو جاتا ہے خبردار وہ دل ہے"۔ [صحیح البخاری: 25]




### دل ایک قلعہ کی مانند

دشمن (شیطان) کے چیلوں کو اپنے دلوں کے قلعے پر حملہ کرنے کا موقع نہ دیں۔بے شک ابلیس (شیطان) لوگوں کے دلوں میں صرف اسی قدر داخل ہوتا ہے جس کی وہ استطاعت رکھتا ہے۔ایسا کرنے کی اس کی طاقت انسانوں کی علم وآگہی، ان کی لاپرواہی، ان کی جہالت اور ان کے اعمال کی سطح کے مطابق بڑھ جاتی ہے یا کم ہو جاتی ہے۔

جان لو کہ دل ایک قلعے کی طرح ہے۔اس قلعے کی دیواریں ہیں اور دیواروں میں دروازے ہیں اور اس میں کمرے ہیں جن میں عقل مقیم ہے۔ فرشتے اکثر اس قلعے کا دورہ کرتے ہیں۔اس کی اطراف محاصرے کے برج ہیں، جن میں خواہشات اور شیطان اکثر قبضہ کر لیتے ہیں، انہیں روکنے والا کوئی نہیں ہے۔ قلعے کے رہائشیوں اور برجوں کے محافظوں کے درمیان جنگ کا اعلان کیا جاتا ہے۔ شیطان مسلسل قلعے کے گرد چکر لگاتے رہتے ہیں اور نگہبانوں کی غفلت کا انتظار کرتے ہیں اور اس کے کچھ کمروں میں داخل ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔لہذا نگہبانوں کو قلعے کے تمام دروازوں کا علم ہونا چاہیے، جن پر اس کی حفاظت کا انحصار ہے۔[ابن قیم]

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب




## علمی دورہ مغربی کینیڈا

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ اور ڈاکٹر ادریس زبیر صاحب کا کاروان علم مغربی کینیڈا کی جانب رواں دواں رہا۔

28 جون تا 14 جولائی 2024ء کے دوران مختلف شہروں اور مقامات پر درس وتدریس کا سلسلہ جاری رہا۔ تربیت پر مبنی ان معلوماتی سیشنز سے بڑی تعداد میں لوگ مستفید ہوئے۔ تفصیلات درج ذیل ہیں:

28 جون 2024 سٹاف کے ساتھ میٹنگ، ڈنر، Crestmont Hall

29 جون 2024 صبح طالبات کے ساتھ ملاقات، Nolan Hill

شام پبلک لیکچر "صبر" Akram Jomaa Islamic Center

30 جون 2024 صبح طالبات کے ساتھ ملاقات، Park In Calgary

شام پبلک لیکچر "تقویٰ" Polish Canadian Cultural Center

1 جولائی 2024 صبح کیلگری کی طالبات کے ساتھ ملاقات "نصیحہ"، Al-Amal Academy

شام سٹاف کے ساتھ ملاقات، Park Kananaskis

2 جولائی 2024 سٹاف کیساتھ میٹنگ اور کھانا، South West Community Calgary

شام میں لیکچر "صلہ رحمی" Islamic Centre South West Calgary

3 جولائی 2024 "جنت کے باسی"، Islamic Center McMurray

4 جولائی 2024 طالبات کے ساتھ ملاقات لیکچر "الحمدللہ" Markaz ul Islam Fort McMurray

5 جولائی 2024 لیکچر "غم سے نجات"، Mac Masjid Edmonton

6 جولائی 2024 لیکچر "حسن اخلاق"، Al Mustafa Academy

7 جولائی 2024 طالبات سے ملاقات Al Falah Mosque Edmonton

7 جولائی 2024 "حسن خاتمہ کی خواہش کیوں کریں" Al Mustafa Academy Edmonton

8 جولائی 2024 خصوصی لیکچر PCA South Edmonton

9 جولائی 2024 فقہ القلوب، Twin brooks North West Saskatoon

10 جولائی طالبات کے ساتھ میٹنگ، Saskatoon Boykowhich Cresent

10 جولائی 2024 لیکچر "غفلت سے جاگیں"، Islamic Association of Saskatoon

11 جولائی 2024 طالبات کے ساتھ میٹنگ، Whaley Blvd Vancouver

12 جولائی 2024 لیکچر "نفع مند تجارت"، Victoria Interfaith Center

13 جولائی 2024 لیکچر "دن کیسے گزاریں"، Al-hidaya Masjid Islamic Society of BC

13 جولائی 2024 فقہ القلوب، Masjid Hadaya Port Coquiltium

14 جولائی خصوصی لیکچر، Al Iman Islamic Center Vancouver British Coumbia

### چند تاثرات

کیلگری سے نگہت صاحبہ فرماتی ہیں:

پہلے میں آپ کو سنتی تھی اب آپ کو دیکھا اور آپ کو سنا بھی جو کہ میرے لیے بہت ہی خوبصورت تجربہ رہا اور یہ تمام سیشنز میرے لیے بہت ہی معلوماتی تھے۔ ان تمام سیشنز کے دوران پڑھائے گئے موضوعات بہت ہی اہم تھے۔ مشکلات میں صبر، تقویٰ، صلہ رحمی باہم جڑے ہوئے ہیں۔ صلہ رحمی کے لیے صبر بہت ضروری ہے اور اگر مشکلات میں صبر کرنا آتا ہے تو انسان صلہ رحمی بہت آسانی سے کر لیتا ہے۔ جتنی ملاقاتیں آپ سے رہیں میں نے دو طرح سے آپ سے سیکھا، ایک آپ کی شخصیت سے اور دوسرے علمی اعتبار سے۔ آپ کا انداز ہلکا اور خوش گوار ہے جو طالبات کے ساتھ ایک تعلق قائم کر دیتا ہے۔

- "وی کیئر فاؤنڈیشن" کی جانب سے محترم سر ادریس اور استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے اعزاز میں دو روزہ کانفرنس کا اہتمام کیا گیا جس میں کمیونٹی کے ہزاروں لوگوں نے شرکت کی اور ان علمی لیکچرز کو بے حد سراہا۔
- Saskatoon کی طالبات نے استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی آمد پر بہت خوشی کا اظہار کیا اور بتایا کہ 2016 میں جب استاذہ تشریف لائی تھیں تو الھدیٰ کی چند کلاسز ہوتی تھیں لیکن اب ان کی تعداد میں بہت اضافہ ہوا ہے۔





# خدمت خلق

Al-Huda Cares!

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے کسی مومن کی دنیا کی پریشانیوں میں سے کوئی پریشانی دور کر دی، اللہ تعالی بروز قیامت اس کی پریشانیوں میں سے ایک پریشانی دور کر دے گا۔ جس نے کسی تنگ دست پر آسانی کی، اللہ اس پر دنیا و آخرت میں آسانی کرے گا...“۔[صحیح مسلم]

## خدمت خلق سروسز

| سروس | تفصیل |
|---|---|
| ماہانہ راشن | 2996 پیکس |
| تعلیمی امداد | 375افراد مستفید ہوئے |
| مالی امداد | 432افراد مستفید ہوئے |
| قرض حسنہ | 4افراد مستفید ہوئے |
| ٹریننگ غسل میت | 60ٹریننگز |
| غسل میت + فری کفن | 166 میت + 124 |
| ووکیشنل سنٹر | 13 مقامات |
| میرج بیورو | 365رشتے طے ہوئے |
| امداد برائے روزگار | 4 افراد مستفید ہوئے |
| میڈیکل کیمپس | 7مقامات |
| طبی امداد | 2571 افراد مستفید ہوئے |
| امداد برائے شادی | 16 افراد مستفید ہوئے |

## خدمت خلق پروجیکٹس

| پروجیکٹ | تفصیل |
|---|---|
| قربانی | 69234 افراد مستفید ہوئے |
| شجرکاری | 1367 درخت اگائے |
| الہدیٰ دسترخوان | 9080 افراد مستفید ہوئے |
| فراہمی آب | 56741 افراد مستفید ہوئے |
| تعمیر مساجد | 1 مسجد |






## Bank Details

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0104783594(Rupee)

**IBAN AC #** PK13MEZN0003160104783594

**Branch Code:** 0316,**Swift Code:** MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd,

E-11 branch Islamabad

***Donate online***

https://www.alhudapk.com/donate.html

# خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

## قربانی

الہدیٰ انٹرنیشنل کی جانب سے اس سال عید الاضحیٰ کے موقع پر 302 جانوروں کی قربانی کی گئی جن میں:

159 گائے، 140 بکرے، 3 اونٹ شامل تھے۔

مجموعی طور پر 11539 خاندانوں (69234 افراد) میں یہ گوشت تقسیم کیا گیا۔








## فراہمی آب

### حیدرآباد ریجن

الہدیٰ حیدرآباد ریجن کے تحت گھوٹکی ضلع کے علاقہ جہان پور میں مسافروں، پیدل چلنے والوں، کھیتوں اور زمینوں پر کام کرنے والوں کے لیے 4 ہینڈ پمپ نصب کیے تاکہ لوگوں کو پینے کا صاف پانی مہیا ہو سکے۔





### لاہور ریجن

عشرہ ذی الحجہ میں لاہور ریجن کی خدمت خلق کی ٹیمز نے مختلف علاقوں میں لوگوں میں 2871 ٹھنڈے پانی کی بوتلیں تقسیم کیں۔ 20 سے زائد مقامات پر ٹھنڈے پانی کی سبیلیں لگوائیں۔ اس کے علاوہ ٹھنڈے پانی کی فراہمی کے لیے 5 عدد الیکٹرک کولرز لگوائے۔

## قیدیوں کی فلاح و بہبود

الہدیٰ کے پی کے جیلوں کے اندر موجود قیدیوں کی فلاح و بہبود کے کاموں میں سرگرم عمل ہے۔ 21 ستمبر 2024 کو ریجنل کوآرڈینیٹر اور دیگر سٹاف ممبران نے سینٹرل جیل پشاور میں خواتین قیدیوں کو "رسول اللہ ﷺ کا اخلاق" اور "آسان نیکیاں" کے موضوع پر درس دیا اور قیدی خواتین کی ان نیکیوں کی طرف راہ نمائی دی۔ اس کے وہ انہیں کپڑوں اور کتابوں سمیت دیگر تحائف دیئے۔ مستقبل میں جیل میں لائبریری، نماز کے لیے الگ کمرہ، پودے اور سبزیاں لگانے کی تربیت اور مختلف مہارتیں سکھانے کے لیے پلاننگ کی گئی۔ یہ سرگرمیاں ان میں مثبت سوچ پیدا کرنے کی بہت اچھی کوشش ہے۔






## بارش اور سیلاب متاثرین کی امداد

### خیبر پختون خواہ

دشت بلوچستان میں شدید بارشوں اور ہواؤں سے متاثر ہونے والے علاقوں میں خیبر پختون خواہ کی ٹیم نے اپنی مدد آپ کے تحت راستے بحال کیے اور ایمرجنسی ریلیف کے تحت حتی الامکان مدد فراہم کی۔

### حیدرآباد

حالیہ بارشوں کے بعد اندرون سندھ کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں فوری امدادی کارروائیاں کی گئیں، جس میں مجموعی طور پر 70 ترپال اور 100 پلاسٹک رولز، تقریباً 100 گھروں کی چھتوں کے لیے تقسیم کیے گئے۔











## خدمت خلق

Al-Huda Cares!

# شجر کاری مہم 2024

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اگر قیامت قائم ہو جائے اور تم میں سے کسی کے ہاتھ میں کھجور کا چھوٹا پودا ہو، اگر وہ قیامت کے قائم ہونے سے پہلے اسے گاڑھ سکتا ہو تو اسے گاڑھ دینا چاہیے"۔

[السلسلة الصحيحه:9]

درخت لگانا ان کاموں میں سے ہے جن کی خیر و برکت کا فائدہ لوگوں کو مسلسل پہنچتا رہتا ہے۔ ماحولیاتی آلودگی کے باعث دنیا بھر میں زندگی کے ہر شعبے پر اثر پڑ رہا ہے اور یہ انسان کے لیے ایک بڑا خطرہ بنتی جا رہی ہے۔ اس سے نمٹنے کے لیے ہر انسان کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اور اپنے حصے کے درخت/ پودے لگانے ہوں گے۔

الھدیٰ شعبہ خدمت خلق کے زیر اہتمام بہت سے علاقوں میں شجر کاری کا اہتمام کیا گیا، جس میں الھدیٰ طالبات اور سٹاف نے شوق و ذوق سے حصہ لیا۔

**نارتھ ریجن:** نارتھ ریجنل آفس کے زیر اہتمام اسلام آباد، راولپنڈی، گوجر خان اور واہ کینٹ میں مقامی سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے ساتھ مل کر 1322 پودے لگائے جن میں 599 سائے دار اور 723 پھل دار پودے شامل تھے۔

الھدی انسٹیٹیوٹ فار مین اسلام آباد کے طلباء کو پودوں کے بیج فراہم کئے گئے جن کو انہوں نے الھدی کی عمارت کے اندر اور دیگر مقامات پر بویا۔

**لاہور ریجن:** ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی الھدی لاہور ریجن کے تحت 9 اگست تا 3 ستمبر بھرپور طریقے سے شجر کاری مہم چلائی گئی جس میں 1000 سے زائد پودے لگائے گئے۔ اس کے علاوہ شجر کاری کے لیے سکولوں کا انتخاب زیادہ کیا گیا۔ پنجاب یونیورسٹی میں شجر کاری کے موقع پر ڈاکٹر حماد لکھوی صاحب نے خصوصی طور پر شرکت کی اور الھدیٰ انٹرنیشنل کی کوششوں کو سراہا۔ انمول کینسر ہسپتال میں مریضوں نے بھی شجر کاری میں حصہ لیا۔

**ملتان ریجن:** ملتان ریجن کے تحت مختلف علاقوں میں 505 درخت لگائے گئے۔ ریجنل سٹاف اور طالبات نے اس سرگرمی میں بھرپور حصہ لیا۔

**خیبر پختون خواہ ریجن:** ریجنل آفس کے پی کے شعبہ خدمت خلق کے زیر انتظام سینٹرل جیل پشاور میں شجر کاری کا اہتمام کیا گیا۔ جس کا مقصد جیل کے ماحول کو خوشگوار بنانا اور جیل میں موجود قیدیوں کو ایک صحت مند سرگرمی مہیا کرنا تھی۔ اس کام کے لیے 10 شرکاء نے 100 پودے لگائے۔ ڈی ایچ اے پشاور کے ساتھ الحاق سے الھدیٰ کو ایرینا پارک میں 10 کنال زمین دی گئی ہے، جس کا نام "الھدیٰ فارسٹ" رکھا گیا ہے۔

**کراچی ریجن:** شجر کاری کے لیے تعلیم القرآن اردو کی طالبات نیول ہاؤسنگ سوسائٹی زمزمہ گئیں اور گارڈننگ ٹیم کی زیر نگرانی بہت سی اقسام کے 40 پودے لگائے جن میں نیم، کری پتہ، ہبیسکس، چمپا اور بوگنویلیا شامل تھے۔ اس کے بعد گارڈننگ ٹیم کی محترمہ نادیہ صاحبہ نے کچن کے کچرے سے کمپوسٹ بنانے کا طریقہ سکھایا۔

**حیدر آباد ریجن:** حیدر آباد سٹی میں قاسم آباد ہاسٹل اسٹاف اور تعلیم القران صوت القران کی طالبات نے مختلف مقامات پر 200 پودے لگائے، جن میں گورنمنٹ پرائمری اسکول، گورنمنٹ ڈگری کالج قاسم آباد اور ماڈل ولج خان پور شامل ہیں۔














## سٹوڈنٹس کارنر

# ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا

### نام ونسب

آپ کا نام عائشہ،لقب صدیقہ اور حمیرا، خطاب ام المؤمنین اور کنیت ام عبداللہ ہے۔آپؓ سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی صاحبزادی تھیں۔آپ کی والدہ کا نام ام رومان بنت عامر تھا۔

رسول اللہ ﷺ اور سیدہ عائشہؓ کا نسب ساتویں یا آٹھویں پشت پر جا کر ملتا ہے۔

### ولادت

سیدہ عائشہؓ نبوت کے پانچویں برس کے آخر میں شوال ۹ قبل از ہجرت، بمطابق جولائی 614ء کو مکہ میں پیدا ہوئیں، ہجرت سے تین برس قبل چھ سال کی عمر میں بیاہی گئیں،شوال 1ھ میں 9 برس کی تھیں کہ رخصتی ہوئی اور 18 سال کی عمر میں ربیع الاول 11ھ میں بیوہ ہوگئیں۔

### بچپن

بچپن ہی سے آپؓ کے ہر انداز سے سعادت اور بلندی کے آثار نمایاں تھے، تاہم آپ بچپن میں کھیل کود کی بہت شوقین تھیں۔اکثر اپنی سہیلیوں کے ساتھ گڑیوں وغیرہ سے کھیلا کرتی تھیں، جب کبھی نبی کریم ﷺ کا پاس سے گزر ہوتا تو آپ گڑیوں کو چھپا لیتیں، آپ کی سہیلیاں ادھر ادھر چھپ جاتیں،لیکن نبی ﷺ چونکہ بچوں کے کھیل کود کو برا نہیں سمجھتے تھے اس لیے آپ کی سہیلیوں کو پھر بلا بلا کر سیدہ عائشہؓ کے ساتھ کھیلنے کو کہتے تھے۔ابتداء سے ہی آپ غیر معمولی حافظے کی مالک تھیں،لڑکپن کی ایک ایک بات یاد رکھتی تھیں،کھیل کود کے دوران اگر کوئی آیت کانوں میں پڑ جاتی تو اس کو بھی یاد رکھتی تھیں۔ہجرت کے وقت آپ کی عمر آٹھ برس تھی لیکن ہوش مندی اور قوت حافظہ کا یہ حال تھا کہ ہجرت نبوی ﷺ کے تمام واقعات بلکہ جزئیات آپ کو یاد تھیں۔

### امتیازی خصوصیات

ام المؤمنین عائشہؓ کو اللہ تعالیٰ نے بے شمار امتیازی خصوصیات اور فضائل سے نوازا۔آپؓ واحد ام المؤمنین ہیں جو حرم رسول ﷺ میں کنواری داخل ہوئیں، اللہ تعالیٰ نے آپؓ کی پاکدامنی کی گواہی دی اور قرآن مجید کی سورۃ نور میں دو رکوع آپؓ کی برأت میں نازل ہوئے۔آپؓ نبی ﷺ کو ازواج مطہرات میں سب سے زیادہ محبوب تھیں،عورتوں کے اکثر مسائل اور چوتھائی دین احادیث کی صورت میں آپؓ کے ذریعہ سے امت تک پہنچا۔وحی الٰہی کا نزول کئی مرتبہ آپ ہی کے بستر پر ہوا اور وصال کے وقت بھی نبی ﷺ کا سر مبارک آپ کے سینے پر تھا اور آپ ہی کے حجرے میں نبی ﷺ دنیائے فانی سے رخصت ہوگئے۔

### علمی فضل وکمال

نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد عائشہؓ 48 برس تک تمام عالم اسلام کیلئے رشد وہدایت، علم وفضل اور خیر وبرکت کا عظیم مرکز رہیں۔بڑے بڑے جلیل القدر صحابہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوکر مختلف مسائل دریافت فرماتے تھے۔علمی اعتبار سے آپؓ کو تمام ازواج مطہرات بلکہ اکثر صحابہ کرامؓ پر فوقیت حاصل تھی۔عروہ بن زبیرؓ فرماتے ہیں''قرآن،فرائض،حلال وحرام،فقہ،شاعری ،طب،عرب کی تاریخ اور نسب کا عالم عائشہؓ سے بڑھ کر کسی کو نہیں دیکھا۔آپؓ سے 2210 احادیث مروی ہیں،جن میں سے 174 حدیثوں پر شیخین نے اتفاق کیا ہے۔ادبی حیثیت سے نہایت شیریں کلام اور فصیح اللسان تھی۔موسیٰ بن طلحہؓ فرماتے ہیں:"میں نے عائشہؓ سے زیادہ کسی کو فصیح اللسان نہیں دیکھا"۔

### زہد وتقویٰ

ام المؤمنین عائشہؓ اکثر عبادت میں مصروف رہتیں، رسول اللہ ﷺ کے ساتھ راتوں کو اٹھ کر تہجد کی نماز پڑھا کرتی تھیں، چاشت کی نماز کی شدت سے پابندی کرتی اور فرماتی تھیں کہ اگر میرا باپ بھی قبر سے اٹھ کر آئے اور مجھ کو منع کرے تو میں باز نہ آؤں گی۔اسی طرح کثرت سے روزے رکھتیں اور حج کا اہتمام کرتی تھیں کوئی ایسا سال بہت کم گزرتا تھا جس میں آپ حج نہ کرتی ہوں۔

آپؓ دنیا کے مال ودولت اور آسائشوں سے کنارہ کشی پسند کرتی تھیں۔خشیت الٰہی سے اکثر رویا کرتی تھیں۔ایک دفعہ کسی بات پر قسم کھالی، پھر لوگوں کے اصرار پر اپنی قسم توڑ دی اور گو کہ اس کے کفارے میں چالیس غلام آزاد کیے، تاہم ان کے دل پر اتنا گہرا اثر تھا کہ جب یاد کرتیں تو روتے روتے آنچل تر ہو جاتا۔[صحیح البخاری:6073]

### وفات

سیدہ عائشہؓ نے 17 رمضان 57ھ کی شب 66 برس کی عمر میں وفات پائی، آپ کی نماز جنازہ جلیل القدر صحابی ابو ہریرہؓ نے پڑھائی اور آپ کی وصیت کے مطابق رات کے وقت آپ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔آپؓ پر اللہ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔آمین

# ابلاغِ دین

## مختلف ریجنز کی سرگرمیاں

- لاہور ریجن کے زیر اہتمام ذوالحجہ کے مہینے میں کثیر تعداد میں حج پروڈکٹس مساجد، مدارس، ووکیشنل سینٹرز، ریڑھیوں، ڈیپارٹمنٹل سٹورز اور میڈیکل کیمپس میں تقسیم کیے گئے۔ محرم کے مہینے میں 179 مقامات پر دروس کروائے گئے جن میں شرکا کی کثیر تعداد تھی۔ اس کے علاوہ 200 رکشہ فلیکسز لگوائے گئے۔

صفر کے مہینے میں لاہور کے مختلف علاقوں میں صفر کی حقیقت کتابچے تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ ماڈل ٹاؤن فٹ بال سٹیڈیم میں فن فیئر کے موقع پر الھدیٰ کا سٹال لگایا گیا اور فری ڈسٹری بیوشن بھی کی گئی۔

- خیبر پختون خواہ ریجن میں ماہ ذوالحجہ، محرم، صفر اور ربیع الاول میں مختلف مقامات پر دروس کا اہتمام کیا گیا اور متعلقہ الھدیٰ پبلی کیشنز کی مطبوعات تقسیم کی گئیں۔
- ملتان ریجن میں ذوالحجہ، محرم اور صفر کے مہینوں میں مختلف علاقوں میں 120 مقامات پر دروس دیے گئے جن سے بہت سے لوگ مستفید ہوئے۔
- کراچی ریجن کے تحت محرم الحرام اور صفر کے مہینوں میں طالبات اور اسٹاف کے ذریعے عوام کی آگہی کے لیے الھدیٰ کا متعلقہ لٹریچر تقسیم کیا گیا۔

## الھدیٰ پبلی کیشنز کی نئی مطبوعات




## پشاور کے مقامی اخبار میں آرٹیکل کی اشاعت




کے پی کے ریجن کی طرف سے مشرق اخبار میں اساتذہ کے لیکچر ''عشرہ ذوالحجہ اور نیکی کے مواقع'' آرٹیکل شائع کروایا گیا۔




## ترمیم شدہ موبائل ایپلی کیشنز

لرن قرآن (Learn Qur'an)

(Wa Iyyaka Nastaeen) وایاك نستعين

الھدیٰ لائیو (Al-Huda Live)

## قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

اس مشن میں آپ بھی اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں




## الھدیٰ کمیونٹی سکولز

ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ




**Bank Details**

**A/CTitle:**AL-HUDA (ACS ISLAMABAD REGION)

**A/C #:**0316 0104840256

**IBAN #:**PK23MEZN0003160104840256

**Branch Code:**0316,**Swift Code:**MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd,

E-11 BR-ISLAMABAD

**Donate online**

http://www.alhudacs.org/donate

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز 6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرستِ اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی — مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان — گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر
پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، فرخ چوہدری، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی